PR NO 27

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، علاقائی دفتر، فیصل آباد

Press Release

وفاقی محتسب کا دورہ فیصل آباد

فیصل آباد سے بھی آئی آر ڈی پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ

فیصل آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی گزشتہ روز علاقائی دفتر فیصل آباد کے دورہ پر تشریف لائے اور علاقائی دفتر میں اپنے ادارے کے افسران اور وفاقی اداروں کے سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت کی۔انہوں نے اس موقع پر فیصل آباد سے بھی فریقین کے درمیان تنازعات کو ثالثی اور مصالحتی انداز سے حل کرنے کا پروگرام Informal Resolution of Disputes(IRD) شروع کرنے کا اعلان کیا۔وفاقی محتسب نے اپنے افسران کو ہدایت کی کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔قبل ازیں وفاقی محتسب کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ علاقائی دفتر فیصل آباد کے 84 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد ہو گیا ہے۔وفاقی محتسب نے اس کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی سرکاری اداروں کے تعاون سے ہمیں یہ مقصد حاصل کرنے میں کامیابی ہوئی ہے اور اس سلسلے کو جاری رہنا چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات کو ثالثی اور مصالحتی انداز میں نمٹانے کا پروگرام آئی آر ڈی اپریل 2022ء میں کچھ دفاتر میں شروع کیا گیا جو بہت کامیاب رہا ہے جس سے غریب لوگوں کے بہت سے مسائل حل ہوئے،انہوں نے کہا کہ علاقے کے عوام کی آسانی کے لئے کسی خرچ کے بغیر آئی آر ڈی کے اس پروگرام کو اب فیصل آباد سے بھی شروع کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ IRD پروگرام کے تحت اب تک 2275 کیس حل کئے جا چکے ہیں جب کہ 127 کیسوں پر کارروائی جاری ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

22 اگست 2023ء